09/01/2025

07.40 PM

**Signature Tune**

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے۔

اب آپ مسرت شاہ سے خبریں سُنئے

-

**ہیڈلائنز**

☆..........وزیر اعظم نریندر مودی نے وکست بھارت کے خواب کو شرمندہ تعبیر کرنے کیلئے بیرون ملک بھارتیوں کے کلیدی رول کو کیا اُجاگر۔

☆..........لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے جموں میں ایک اعلیٰ سطحی میٹنگ کے دوران جموں کشمیر میں عملائے جارہے تین نئے فواجداری قوانین کا لیا جائزہ۔

☆..........قانون ساز اسمبلی کے نئے ارکان کیلئے تین روزہ اورنٹیشن پروگرام جموں میں شروع// وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ اور کئی دیگر رہنماؤں کی افتتاحی تقریب میں شرکت۔

اور

☆..........سرینگر-لیہہ قومی شاہراہ پر زیڈ موڈ ٹنل کی تعمیر کا کام مکمل// وزیر اعظم نریندر مودی عنقریب کریں گے افتتاح۔

**وزیر اعظم**

وزیر اعظم نریندر مودی نے بھارت کو2047 تک ایک ترقی یافتہ ملک بنانے میں بیرون ملک رہائش پذیر بھارتیوں کے اہم رول کو اُجاگر کیا ہے۔ بھوبنیشور اڑیشہ میں آج 18 ویں پرواسی بھارتیہ دِوس کنونشن کا افتتاح کرنے کے بعد خطاب کرتے ہوئے وزیر اعظم نے پوری دنیا میں بھارت کے سفیروں کی حیثیت سے کام کرنے کیلئے انڈین Diaspora کی تعریف کی۔

انہوں نے کہا کہ مختلف مما لک میں رہ رہے بھارتیوں نے زندگی کے مختلف شعبوں میں کارہائے نمایاں انجام دیکر ملک کا سرفخر سے اونچا کر دیا ہے۔ نریندر مودی نے کہا کہ پچھلے دس برسوں کے دوران انہوں نے عالمی سطح کے مختلف رہنماؤں کے ساتھ ملاقات کی اور ہرایک لیڈر نے بھارتی Diaspora کی ستائش کی۔ انہوں نے آج کی دن کی اہمیت کو اُجاگر کرتے ہوئے کہا۔

-----Byte (PM)---

**ایل جی**

لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا نے آج جموں میں ایک اعلیٰ سطحی میٹنگ کے دوران جموں کشمیر میں تین نئے فوجداری قوانین بھارتیہ نیائے سنہتا 2023، بھارتیہ ناگرک سُرکھشا سنہتا 2023 اور بھارتیہ ساکشیا ادھینیم 2023 کی عمل آوری کا جائزہ لیا۔ انہوں نے کرمنل جسٹس نظام کو مزید مستحکم کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ نئے قوانین کا ترجمہ ڈوگری اور کشمیری زبانوں میں دستیاب رکھا جانا چاہیئے۔ میٹنگ میں چیف سیکریٹری اٹل ڈلو، DGP نلین پربھات، پرنسپل سیکریٹری داخلہ چندرا کر بھارتی اور کئی دیگر اعلیٰ افسروں نے شرکت کی۔ دریں اثنا راجیہ سبھا کے ڈپٹی چیرمین ہری ونش نے آج راج بھون جموں میں لیفٹننٹ گورنر کے ساتھ ملاقات کی اور متعدد معاملات پر تبادلہ خیال کیا۔

**اسمبلی**

جموں وکشمیر قانون ساز اسمبلی کے ارکان کیلئے تین روزہ اورنٹیشن پروگرام آج اسمبلی کمپلیکس جموں کے سینٹرل ہال میں شروع ہوا۔ افتتاحی تقریب میں وزیراعلیٰ عمر عبداللہ، قانون ساز اسمبلی کے سپیکر عبدالرحیم راتھر، نائب وزیراعلیٰ سُریندر چودھری، اسمبلی میں حزب اختلاف کے لیڈر سُنیل شرما اور کئی دیگر افسران نے بھی شرکت کی۔

ہمارے جموں کے نمائندے گلشن رینہ نے خبر دی ہے کہ اس تربیتی پروگرام کا انعقاد جموں وکشمیر قانون ساز اسمبلی سیکریٹریٹ نے PRIDE لوک سبھا سیکریٹریٹ کے اشتراک سے کیا ہے۔ اس پروگرام کا بنیادی مقصد نئے منتخب شدہ ممبروں کو انکی ذمہ داریوں، پارلیمانی طور طریقوں اور ایوان کے کام کاج سے جڑے امور سے روشناس کرانا ہے۔

افتتاحی تقریب کے بعد وزیراعلیٰ عمر عبداللہ نے ذرائع ابلاغ کے نمائندوں کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

------Byte (CM)----

**عمر عبداللہ**

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے سیول سیکریٹریٹ جموں میں آج ایک اعلیٰ سطحی میٹنگ کے دران تمام سرکاری محکموں کے کام کاج کا جائزہ لیا۔ وزیر اعلیٰ نے اس موقعے پر تمام پروجیکٹوں کی بروقت تکمیل کو یقینی بنانے کی ہدایت دی۔ میٹنگ میں ہر ایک محکمے کے انتظامی سیکریٹری نے آنے والے 100 دنوں اور ایک سال کیلئے تفصیلی ویژن ڈاکیومنٹ پیش کیا۔ میٹنگ میں نائب وزیر اعلیٰ سریندر چودھری اور دیگر کابینی وزراء، چیف سیکریٹری اور دیگر اعلیٰ افسروں نے شرکت کی۔

**جتیندر سنگھ**

سائنس اور ٹیکنالوجی کے مرکزی وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے آج سال 2025 کے دوران بھارتی خلائی تحقیق تنظیم کی طرف سے ہاتھ میں لئے جانے والے خلائی مشنوں کا جائزہ لیا۔ اسرو کے موجودہ چیرمین ڈاکٹر ایس سوماناتھ اسرو کے نئے چیرمین ڈاکٹر وی نارائنن، چیرمین ان سپیس ڈاکٹر پون کمار گوئینکا اور دیگر سائنس دانوں کے علاوہ متعدد افسران بھی اس موقعے پر موجود تھے۔

**نشہ**

ہمارے سماج کو ان دنوں جن بڑے مسائل کا سامنا ہے اُن میں نشے کی لعنت سر فہرست ہے۔ ملکی سطح پر اس لعنت کا قلع قمع کرنے کیلئے نشہ مکت ابھیان کے تحت کوششیں جاری ہیں۔ وزیر اعظم نریندر مودی کا پیغام۔

----Byte (PM)----

ادھر جموں و کشمیر میں بھی نوجوانوں کو اس لت سے دور رکھنے کیلئے انفرادی اور اجتماعی سطح پر کوششیں جاری ہیں۔ اس حوالے سے شعبہ خبر نے وادی کے ایک معروف شاعر، قلمکار اور سابق ایس ایس پی حسن انظر کے ساتھ بات کی تو انہوں نے کہا۔

----Byte (Poet Hassan Anzar)--

**بریک**

یہ خبریں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔

خبریں آپ آکاشوانی کے موبائیل اپلیکشن نیوز آن اے آئی آر اور DTH پر بھی سماعت کر سکتے ہیں۔

خبروں کے بلٹن اور شعبہ خبر کے پروگراموں سے متعلق آپ اپنی آرا اور تجاویز ہمارے ای میل ایڈرس

akashvanisrinagarnews@gmail.com پر بھیج سکتے ہیں۔

**زیڈ موڑ ٹنل**

سرینگر-لیہہ قومی شاہراہ پر سفر کو آسان کرنے کی غرض سے گاندربل ضلع میں گگن گیر کے مقام پر تعمیر کئے گئے ساڑھے چھ کلو میٹر اہم زیڈ موڑ ٹنل کا جلد ہی افتتاح کیا جا رہا ہے۔ توقع ہے کہ وزیر اعظم نریندر مودی اس ٹنل کا افتتاح کریں گے۔ اس ٹنل پر 2015 میں کام شروع ہوا تھا، اور 2 ہزار 4 سو کروڑ روپے کی لاگت سے اسے پچھلے برس مکمل کیا گیا۔ اس ٹنل سے لداخ کی طرف جانے والے لوگوں، سیاحوں نیز امرناتھ یاترا پر جانے والے یاتریوں کیلئے آسانی پیدا ہوگی۔

سیکورٹی اعتبار سے بھی یہ ٹنل کافی اہمیت کی حامل ہے کیونکہ اسے سلامتی دستوں کی نقل و حمل میں بھی آسانی پیدا ہوگی۔ ٹنل کے آغاز سے جموں کشمیر اور لداخ یوٹیز میں اقتصادی سرگرمیوں کو بھی دوام حاصل ہوگا۔

**سردی انٹرو**

وادی کشمیر میں سردی کی شدت میں اضافہ ہونے اور رات کا درجہ حرارت نقطہ انجماد سے نیچے گر جانے کی وجہ سے سبھی علاقوں کے لوگوں کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے اور شہروں کے ساتھ ساتھ دیہی علاقوں میں بھی لوگ اپنے آپ اور اپنے گھروں کو گرم رکھنے کیلئے روایتی اور جدید آلات کا استعمال کر رہے ہیں۔ پیش ہے اس حوالے سے آکاشوانی نیوز سرینگر کے سربراہ طارق راتھر کی یہ رپورٹ۔

........................Report (Tariq Rather)........

**فاروق عبداللہ**

نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے کہا ہے کہ ان کی پارٹی نے جموں کشمیر کی پہچان، اجتماعیت اور بھائی چارے کی مثال کو ہمیشہ فروزاں رکھنے میں ایک اہم رول ادا کیا۔ برنوٹی کھٹوعہ میں آج کارکنوں سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ مقامی زبانوں کو تحفظ دینے کے ساتھ ساتھ مقامی تاجروں کی فلاح و بہبود کیلئے خصوصی اقدامات کئے جانے چاہیں۔

**بی جے پی**

بی جے پی جموں وکشمیر کی ترجمان ایڈوکیٹ پورنما شرما نے آج تریکوٹا نگر جموں میں پارٹی ہیڈکواٹر پر ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے نیشنل کانفرنس کی نکتہ چینی کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ پارٹی بی جے پی کی سربراہی والی جموں میونسپل کارپوریشن پر بے بنیاد الزامات عائد کررہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ جے ایم سی نے جموں میں ترقیاتی منظرنامے میں مثبت تبدیلیاں لانے کیلئے مثالی کام کیا۔

**گرفتار**

کولگام پولیس نے ٹھوکرپورہ قیموہ کولگام کے تین ملی ٹینٹ اعانت کاروں کو گرفتار کیا ہے۔ انکے قبضے سے کافی مقدار میں اسلحہ اور گولی بارود برآمد کیا گیا ہے۔

**بارہمولہ**

بارہمولہ کے ضلع ترقیاتی کمشنر مینگا شیرپا نے آج ایک میٹنگ کے دوران اگلے مہینے گلمرگ میں منعقد ہونے والے کھیلو انڈیا مقابلوں کے سلسلے میں کی جارہی تیاریوں کا جائزہ لیا۔ انہوں نے ان مقابلوں کے احسن انعقاد کیلئے مختلف محکموں کے مابین بہتر تال کی ضرورت پر زور دیا۔

**عرس**

بلند پایہ ولی کامل حضرت سید عبدالرحمان المعروف بلبل صاحبؒ کے عرس کی اختتامی تقریب آج اُن کے آستان عالیہ واقع بلبل لنکر نواکدل میں منعقد ہوئی۔ اس ضمن میں وہاں درود واذکار، ختمات المعظمات اور مولود خوانی کی مجالس آراستہ ہوئیں۔ علماء نے اس دوران بلبل شاہ صاحبؒ کے علمی اور روحانی کمالات کو بیان کیا۔

دریں اثنا رئیل گنڈ کنگن میں حضرت سید جعفر صاحبؒ اور سید عبدالرحمان صاحبؒ کا عرس مبارک 11 جنوری کو منایا جا رہا ہے۔ وقف بورڈ کے ایک بیان کے مطابق کل یعنی 10 جنوری کو آستان عالیہ پر نماز عشاء کے بعد شب بیداری کی مجلس منعقد ہوگی۔

**ٹی بی مہم**

مرکزی وزارت داخلہ نے تمام ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں سے کہا ہے کہ وہ جیل خانہ جات اور اس طرح کے دیگر اداروں میں تپ دق کے خاتمے سے متعلق 100 دنوں پر مشتمل ایک جامع مہم چلائیں تاکہ ملک سے اس بیماری کا قلع قمع

کرنے کیلئے حکومت کی کاوشوں کو تقویت بخشی جا سکے۔ وزارت نے کہا ہے کہ جیل خانہ جات میں سکریننگ کے کیمپ منعقد کرنے کیلئے ضلع ٹی بی افسروں کے ساتھ اشتراک کیا جانا چاہئے۔

## اُتر پردیش

اُتر پردیش کے عارضی ضلع مہا کنبھ نگر میں 13 جنوری سے شروع ہونے والے مہا کنبھ میلے کیلئے تیاریاں زور وشور سے جاری ہیں اور انہیں حتمی شکل دی جا رہی ہیں۔ واضح رہے کہ 26 فروری تک جاری رہنے والے اس میلے میں ملک اور بیرون ملک سے تعلق رکھنے والے شردھالوں کی کافی تعداد میں شرکت متوقع ہے۔

## ٹریفک

سرینگر سمیت آج وادی کے دیگر ضلعوں میں دن میں ہلکی دھوپ کھلی جس کے نتیجے میں سردی کی شدت میں قدرے کمی محسوس کی گئی۔ سرینگر۔ جموں قومی شاہراہ آج ٹریفک کی آوا جائی کے لئے کھلی رہی سونمرگ۔ کرگل شاہراہ پر آج گاڑیوں کو کرگل سے سرینگر آنے کی اجازت دی گئی جبکہ مغل روڈ برفباری کی وجہ سے ابھی بھی ٹریفک کی نقل وحمل کیلئے بند پڑا ہے۔

## موسم

محکمہ موسمیات کی پیش گوئی کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے 24 گھنٹوں کے دوران موسم عام طور پر خشک رہنے کا امکان ہے۔
سرینگر میں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 9 ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت منفی 4 اعشاریہ 4 ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جموں میں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 18 اعشاریہ 8 ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 5 اعشاریہ 5 ڈگری سیلسیس تھا۔

سرینگر میں کل طلوع آفتاب صبح 7 بجکر 37 منٹ پر اور
غروب آفتاب شام 5 بجکر 39 منٹ پر ہوگا۔
اسکے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلٹن ختم ہوا۔
خبروں کا اگلا بلٹن آکاشوانی سے
کل صبح 7 بجکر 45 منٹ پر کشمیری میں نشر ہوگا۔
ہمیں دیجئے اجازت // خدا حافظ۔